## 10620 ۔ کیا جنسی کمزوری والے کی شادی جائز ہے

**سوال**

میں ابھی تک کنوارا ہوں اور بیوی کی تلاش میں ہوں ، لیکن مجھے ایک مشکل ہے کہ مجھے تھوڑی بہت جنسی کمزوری لاحق ہے جو غیریقینی اورغیر منتظم قسم کی ہے ، مجھے ہروقت یہ سوچ گھیرے رکھتی ہے کہ میں نے اگر شادی کرلی تو بیوی میری حالت قبول نہیں کرے گی اور معاملہ طلاق پر جا پہنچے گا ، تو میرے لیے کیا کرنا بہتر ہے آیا میں شادی کروں یا نہ کروں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جنس بشر میں شہوت کے معاملہ میں بہت ہی فرق پایا جاتا ہے کسی میں تو بہت زیادہ ہوتی ہے اورکچھ ایسے ہوتے ہیں جن میں اس سے بہت ہی کم ہوتی اورکچھ میں میانہ روی ہوتی ہے ، اورکچھ ایسے مرد بھی ہوتے ہیں جن میں بالکل ہی شہوت نہیں ہوتی ، اگر توآپ کی نکاح میں شہوت ہے چاہے وہ کم ہی ہو تو پھر آپ شادی کرسکتے ہیں ، اس میں اتنا ہی کافی ہے کہ آپ بیوی سے ہم بستری کرنے کی طاقت رکھتے ہوں چاہے مہینہ میں ایک بارہی سہی یا پھر دوماہ میں ایک بار ۔ شیخ ابن جبرین کا فتوی

دیکھیں : کتاب : فتاوی اسلامیۃ ( 3 / 161 ) ۔

لیکن اگر بالکل ہی ہم بستری کی طاقت نہیں تو پھر لڑکی کے ولی کو نکاح سے قبل بتانا ضروری ہے ۔

واللہ اعلم .